روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 13 جون 2005ء 5 جمادی الاول 1426 ہجری 13 احسان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 130

کیا تم نے وعدہ سچا نہیں پایا

جنگ بدر میں فتح کے بعد مقتول کافروں کو ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس گڑھے کے قریب تشریف لائے اور نام لے کر فرمایا کہ کیا تم نے وہ وعدہ سچا نہیں پایا جو تمہارے رب نے تم سے کیا تھا میں نے تو اللہ کے وعدوں کو سچا پایا ہے۔حضرت عمرؓ نے عرض کی کیا آپ مردوں سے باتیں کرتے ہیں جن میں کوئی روح نہیں۔آپؐ نے فرمایا تم میری باتوں کو ان سے زیادہ نہیں سنتے۔

(صحیح بخاری کتاب المغازی باب قتل ابی جہل حدیث نمبر:3679)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

نجات کے بارہ میں قرآن شریف نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ نجات ایک ایسا امر ہے جو اسی دنیا میں ظاہر ہو جاتا ہے جیسا کہ اس نے فرمایا (۔) یعنی جو شخص اس دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہی ہوگا یعنی خدا کے دیکھنے کے حواس اور نجات ابدی کا سامان اسی دنیا سے انسان ساتھ لے جاتا ہے اور بار بار اس نے ظاہر فرمایا ہے کہ جس ذریعہ سے انسان نجات پا سکتا ہے وہ ذریعہ بھی جیسا کہ خدا قدیم ہے قدیم سے چلا آتا ہے یہ نہیں کہ ایک مدت کے بعد اس کو یاد آیا کہ اگر اور کسی طرح بنی آدم نجات نہیں پا سکتے تو میں خود ہی ہلاک ہو کر ان کو نجات دوں۔انسان کو حقیقی طور پر اس وقت نجات یافتہ کہہ سکتے ہیں کہ جب اس کے تمام نفسانی جذبات جل جائیں اور اس کی رضا خدا کی رضا ہو جائے اور وہ خدا کی محبت میں ایسا محو ہو جائے کہ اس کا کچھ بھی نہ رہے سب خدا کا ہو جائے اور تمام قول اور فعل اور حرکات اور سکنات اور ارادات اس کے خدا کے لئے ہو جائیں اور وہ دل میں محسوس کرے کہ اب تمام لذات اس کی خدا میں ہیں اور خدا سے ایک لمحہ علیحدہ ہونا اس کے لئے موت ہے۔اور ایک نشہ اور سُکر محبت الٰہی کا ایسے طور سے اس میں پیدا ہو جائے کہ جس قدر چیزیں اس کے ماسوا ہیں سب اس کی نظر میں معدوم نظر آویں اور اگر تمام دنیا تلوار پکڑ کر اس پر حملہ کرے اور اس کو ڈرا کر حق سے علیحدہ کرنا چاہے تو وہ ایک مستحکم پہاڑ کی طرح اسی استقامت پر قائم رہے اور کامل محبت کی ایک آگ اس میں بھڑک اٹھے اور گناہ سے نفرت پیدا ہو جائے اور جس طور سے اور لوگ اپنے بچوں اور اپنی بیویوں اور اپنے عزیز دوستوں سے محبت رکھتے ہیں اور وہ محبت ان کے دلوں میں دھنس جاتی ہے کہ ان کے مرنے کے ساتھ ایسے بے قرار ہو جاتے ہیں کہ گویا آپ ہی مر جاتے ہیں یہی محبت بلکہ اس سے بہت بڑھ کر اپنے خدا سے پیدا ہو جائے یہاں تک کہ اس محبت کے غلبہ میں دیوانہ کی طرح ہو جائے اور کامل محبت کی سخت تحریک سے ہر ایک دکھ اور ہر ایک زخم اپنے لئے گوارا کرے تا کسی طرح خدا تعالیٰ راضی ہو جائے۔ جب انسان پر اس مرتبہ تک محبت الٰہی غلبہ کرتی ہے تب تمام نفسانی آلائشیں اس آتش محبت سے خس وخاشاک کی طرح جل جاتی ہیں اور انسان کی فطرت میں ایک انقلاب عظیم پیدا ہو جاتا ہے اور اس کو وہ دل عطا ہوتا ہے جو پہلے نہیں تھا اور وہ آنکھیں عطا ہوتی ہیں جو پہلے نہیں تھیں اور اس قدر یقین اس پر غالب آجاتا ہے کہ اسی دنیا میں وہ خدا کو دیکھنے لگتا ہے اور وہ جلن اور سوزش جو دنیاداروں کی فطرت کو دنیا کے لئے جہنم کی طرح لگی ہوئی ہوتی ہے وہ سب دور ہو کر ایک آرام اور راحت اور لذت کی زندگی اس کو مل جاتی ہے تب اس کیفیت کا نام جو اس کو ملتی ہے نجات رکھا جاتا ہے کیونکہ اس کی روح خدا کے آستانہ پر نہایت محبت اور عاشقانہ تپش کے ساتھ گر کر لازوال آرام پا لیتی ہے اور اس کی محبت کے ساتھ خدا کی محبت تعلق پکڑ کر اس کو اس مقام محویت پر پہنچا دیتی ہے کہ جو بیان کرنے سے بلند اور برتر ہے۔

(چشمہ معرفت ۔ روحانی خزائن جلد 23 صفحہ 416)

حضور انور کا خطبہ جمعہ
کینیڈا سے براہ راست

17 جون 2005ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر کیلگری کینیڈا سے پاکستانی وقت کے مطابق جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی شب 12:45 پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔ 18 جون بروز ہفتہ صبح 8:20 اور دوپہر 1:35 پر مکرر نشر کیا جائے گا۔ (نظارت اشاعت)

اعلان برائے واقفین نو ربوہ

☆ربوہ کے ایسے واقفین نو بچے اور بچیاں جنہوں نے اس سال میٹرک کا امتحان دیا ہے۔مورخہ 14 جون صبح 7:30 بجے بیت النصرت دارالرحمت وسطی ربوہ میں تشریف لے آئیں۔ان کے ایک تعلیمی و تربیتی پروگرام کے سلسلہ میں میٹنگ ہوگی۔

(سیکرٹری وقف نو ربوہ)

ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج

فضل عمر ہسپتال ربوہ دکھی اور ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مد نادار مریضان میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

سوئمنگ سیکھنے کا موقع

سوئمنگ پول ربوہ میں 5:00 تا 5:45 صبح اور نماز عصر تا مغرب دو شفٹوں میں سوئمنگ جاری ہے۔ تمام احباب سے بھرپور استفادہ کی درخواست ہے۔ نیز 15 جون 2005ء سے خدام ، اطفال کوچنگ کیمپ کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ جو بھی سوئمنگ سیکھنا چاہتے ہوں ممبر شپ کارڈ کے ساتھ دفتر سوئمنگ پول سے رابطہ کریں۔

(مہتمم صحت جسمانی مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

167

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

ملکہ وکٹوریہ قیصرہ ہند کو دعوت الی اللہ

حضرت مسیح موعود نے ملکہ کی 60 سالہ جوبلی کی تقریب کے موقع پر 27 مئی 1897ء کو "تحفہ قیصریہ" کے نام سے ایک رسالہ شائع کیا جس میں ملکہ وکٹوریہ کو تثلیث سے تائب ہوکر قرآن مجید کی سچی اور پُرحکمت تعلیم سے وابستہ ہونے کی لطیف رنگ میں دعوت دی۔

اس رسالہ میں آپ نے اپنے دعویٰ نشان نمائی کا ذکر کرتے ہوئے ملکہ وکٹوریہ کے سامنے پیش کش کی کہ اگر وہ مجھ سے نشان دیکھنا چاہیں "تو میں یقین رکھتا ہوں کہ ابھی ایک سال پورا نہ ہو کہ وہ نشان ظاہر ہو جائے اور نہ صرف یہی بلکہ دعا کرسکتا ہوں کہ یہ تمام زمانہ عافیت اور صحت سے بسر ہو لیکن اگر کوئی نشان ظاہر نہ ہو اور میں جھوٹا نکلوں تو میں اس سزا میں راضی ہوں کہ .... پایہ تخت کے آگے پھانسی دیا جاؤں یہ سب الحاح اس لئے ہے کہ کاش (۔) ملکہ معظّمہ کو اس آسمان کے خدا کی طرف خیال آجائے جس سے اس زمانہ میں عیسائی مذہب بے خبر ہے۔"

"تحفہ قیصریہ" کے چند مجلد نسخے نہایت دیدہ زیب شکل میں ملکہ وکٹوریہ۔ وائسرائے ہند۔ اور لیفٹیننٹ گورنر پنجاب کو ارسال کئے گئے۔

(تاریخ احمدیت جلد اول ص 616)

جلسہ مذاہب

حضرت مسیح موعود نے "تحفہ قیصریہ" میں ملکہ وکٹوریہ کے سامنے "جلسہ مذاہب" کے انعقاد کی تجویز بھی پیش کی۔ چنانچہ فرمایا۔ قیاصرہ روم میں سے جب تیسرا قیصر روم تخت نشین ہوا۔ اور اس کا اقبال کمال کو پہنچ گیا تو اسے اس بات کی طرف توجہ پیدا ہوئی کہ دو مشہور فرقہ عیسائیوں میں جو ایک موحد اور دوسرا حضرت مسیحؑ کو خدا جانتا تھا باہم بحث کراوے۔ چنانچہ وہ بحث قیصر روم کے حضور میں بڑی خوبی اور انتظام سے ہوئی اور بحث کے سننے کے لئے معزز ناظرین اور ارکان دولت کی صدہا کرسیاں بلحاظ رتبہ و مقام کے بچھائی گئیں اور دونوں فریق کے پادریوں کی چالیس دن تک بادشاہ کے حضور میں بحث ہوتی رہی اور قیصر روم بخوبی فریقین کے دلائل سنتا رہا۔ اور ان پر غور کرتا رہا۔ آخر جو موحد فرقہ تھا اور حضرت یسوع مسیح کو صرف خدا کا رسول اور نبی جانتا تھا وہ غالب آ گیا اور دوسرے فرقہ کو ایسی شکست آئی کہ اس مجلس میں قیصر روم نے ظاہر کر دیا کہ میں نہ اپنی طرف سے بلکہ دلائل کے زور سے موحد فرقہ کی طرف کھینچا گیا اور قبل اس کے جو اس مجلس سے اٹھے توحید کا مذہب اختیار کرلیا۔ اور ان موحد عیسائیوں میں سے ہوگیا جن کا ذکر قرآن شریف میں بھی ہے اور بیٹا اور خدا کہنے سے دست بردار ہوگیا اور پھر تیسرے قیصر تک ہر ایک تخت روم موحد ہوتا رہا۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ ایسے مذہبی جلسے پہلے عیسائی بادشاہوں کا دستور تھا اور بڑی بڑی تبدیلیاں ان سے ہوتی تھیں ان واقعات پر نظر ڈالنے سے نہایت آرزو سے دل چاہتا ہے کہ (۔) قیصرہ ہند (۔) بھی قیصر روم کی طرح ایسا مذہبی جلسہ پایہ تخت میں انعقاد فرمادیں کہ یہ روحانی طور پر ایک یادگار رہوگی۔ مگر یہ جلسہ قیصر روم کی نسبت زیادہ توسیع کے ساتھ ہونا چاہئے۔ کیونکہ (۔) ملکہ معظّمہ بھی اس قیصر کی نسبت زیادہ وسعت اقبال رکھتی ہیں ......

ہاں یہ ضروری ہوگا کہ اس جلسہ مذاہب میں ہر ایک شخص اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرے دوسروں سے کچھ تعلق نہ رکھے۔ اگر ایسا ہوا تو یہ جلسہ بھی (۔) ملکہ معظّمہ کی طرف سے ہمیشہ کے لئے ایک روحانی یادگار ہوگا۔ اور انگلستان جس کے کانوں تک بڑی خیانتوں کے ساتھ (دینی) واقعات پہنچائے گئے ہیں ایک سچے نقشہ پر اطلاع پا جائے گا۔ بلکہ انگلستان کے لوگ ہر ایک مذہب کی سچی فلاسفی سے مطلع ہو جائیں گے۔

(تحفہ قیصریہ۔ روحانی خزائن جلد 12 ص 278)

علمی رعب

جلسہ سالانہ 1933ء میں یورپ اور امریکہ (میں دعوت الی اللہ) کے حالات بیان کرتے ہوئے حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب نے (دعوت الی اللہ کے) کام میں مزید اثر پیدا کرنے کے لئے بعض باتوں کی طرف توجہ دلائی۔ چنانچہ ایک بات یہ بیان فرمائی کہ:۔

"ہمارے (مربیان) کا ان علماء پر جو یورپ میں (۔) کے متعلق معلومات رکھنے کا دعویٰ کرتے یا مشرقی علوم کے ماہر کہلاتے ہیں، ایسا رعب ہونا چاہئے کہ وہ تسلیم کریں کہ یہ اپنے پاس ایسا خزانہ رکھتے ہیں جس کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ جب تک ہمارا علمی رنگ میں رعب ان پر نہیں ہوگا۔ اس وقت تک زیادہ کامیابی نہیں ہوسکتی۔ رعب کے معنی یہ ہیں کہ ہمارے (مربیان) کا تبحر علمی اس قدر واضح ہو کہ وہاں کے لوگ یہ تسلیم کریں کہ مشرقی علوم، دینی معلومات اور بالخصوص .... کے متعلق ان کی ریسرچ ایسی وسیع اور پائیدار ہے کہ ہمارے علوم اور ریسرچ سے وہ ہر صورت میں بڑھی ہوئی ہے۔

"(مربیان) کو یورپ و امریکہ بھیجنے سے پہلے اس رنگ میں ان سے تیاری کرانی چاہئے تاکہ وہ کسی ایک پہلو کے متعلق ایسی عظیم الشان تحقیق کریں کہ اگر یورپین علماء کی تحقیق ان کے مخالف ہو تو وہ تحدی کے ساتھ انہیں چیلنج کرسکیں اور ان سے اقرار کرا سکیں کہ ان کا علم ہمارے (مربیان) کے علم کے مقابل میں ادھورا ہے۔

اس وقت میرے علم میں نہیں کہ ایسا کوئی کام کیا گیا ہو۔ کسی حد تک مکرم ملک غلام فرید صاحب یہ کام کرتے تھے یا ایسے کاموں کی طرف توجہ رکھتے تھے اور ایسے رسالوں میں جو مشرقی یا (دینی) علوم سے تعلق رکھتے ہوں۔ مضامین بھیج دیا کرتے تھے۔ یا جب دیکھتے کہ کسی خاص مسئلہ پر رسائل میں چرچا ہو رہا ہے تو اس کے متعلق (دینی) تعلیم لوگوں کے سامنے پیش کر دیتے۔"

(مبشرین احمد جلد اول ص 193)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

☆ مکرم قمر احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ چنیوٹ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد مکرم ناصر احمد صاحب کھوکھر (ریٹائرڈ ایئرفورس) ولد مکرم غلام حسین کھوکھر صاحب دارالیمن شرقی ربوہ 26 مئی 2005ء کو بعمر 72 برس وفات پاگئے۔ آپ موصی تھے اور عرصہ دراز سے بعارضہ شوگر بیمار تھے۔ 28 مئی کو آپ کی نماز جنازہ بیت مبارک میں مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید نے پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ نے دعا کروائی۔ مرحوم خوش اخلاق، ملنسار، نماز کے پابند اور جماعتی تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ پسماندگان میں 4 بیٹے خاکسار، مکرم محمد اسلم صاحب جرمنی، مکرم عبدالرحمٰن عامر صاحب زعیم خدام الاحمدیہ دارالیمن شرقی، مکرم عطاء الرحمٰن صاحب، اور 4 بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ تمام احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ولادت

مکرم مبارک احمد صاحب قائد ضلع سانگھڑ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو 30 اپریل 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بچے کا نام عادل احمد عطا فرمایا تھا۔ نومولود مکرم رشید احمد صاحب مرحوم کا پوتا اور مکرم چوہدری احسان علی صاحب کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو صحت وسلامتی والی لمبی عمر، والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک اور خادم دین بنائے۔ آمین

تقریب شادی

☆ مکرم محمد خالد گورایہ صاحب پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بھانجے مکرم انور احمد چٹھہ صاحب ابن مکرم چوہدری ارشاد احمد چٹھہ صاحب کینیڈا کا نکاح ہمراہ مکرمہ صادقہ مریم صاحبہ بنت مکرم رانا محمود احمد خان صاحب ایڈووکیٹ دارالعلوم غربی ربوہ بعوض -/15000 کینیڈین ڈالر حق مہر محترم سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں نے مورخہ 24 مئی 2005ء پڑھا۔ اگلے روز گوندل بنکوئیٹ ہال میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا اس تقریب کے موقع پر مکرم عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت بنائے۔ آمین

اعلان داخلہ

(NUML) نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز اسلام آباد نے ماہ اگست 2005ء میں شروع ہونے والے درج ذیل کل وقتی کورسز (مارننگ پروگرام) میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ (i) ایم بی اے (ii) ایم سی ایس (iii) ایم آئی ٹی (iv) بی ایس سی ایس (v) بی بی اے (آنرز) (vi) ایم اے/ایم ایس سی (vii) بی۔ایڈ (viii) ایڈوانسڈ ڈپلومہ (ix) ڈپلومہ ان انٹرپریٹر شپ (x) لینگوئجز ڈپلومہ اینڈ سرٹیفیکیٹ کورسز (xi) ایم اے (xii) ایم اے ای ایل ٹی۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 5 جولائی 2005ء ہے مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 2 جون 2005ء ملاحظہ کریں۔

نیشنل کالج آف آرٹس لاہور نے ایک سالہ پروفیشنل ڈپلومہ ان سکرپٹ اینڈ سکرین پلے رائیٹنگ میں داخلے کا اعلان کیا ہے۔ اس سلسلہ میں درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2005ء ہے۔

مزید معلومات کے لئے روزنامہ جنگ مورخہ 7 جون 2005ء ملاحظہ کریں۔ (نظارت تعلیم)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

نظام وصیت ۔ قدرت ثانیہ کو دوام بخشنے کا ذریعہ

بشیر الدین کمال صاحب

نظام وصیت ذریعہ ہے

☆اعمال صالحہ بجالانے کا
☆خدا تعالیٰ کی جنتوں کے حصول کا
☆قدرت ثانیہ کو دوام بخشنے کا
☆یتیموں، مسکینوں اور بیواؤں کی ضروریات پوری کرنے

اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو جب بار بار آپ کی وفات کی خبر دی تو آپ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میری وفات کے بعد میرے ماننے والے یقیناً غم سے نڈھال ہو جائیں گے اور ان کے دل میں یہ بھی خیال پیدا ہوگا کہ شائد اب یہ سلسلہ ہی ختم ہو جائے۔ ادھر دشمن بھی یہ سوچیں گے کہ اب یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا اور وہ خوشی سے بغلیں بجائیں گے۔ چنانچہ آپ نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام الوصیت ہے۔ اس رسالہ میں جہاں آپ نے اپنے ماننے والوں کو یہ خوشخبری دی ہے کہ میرے جانے کے بعد اللہ تعالیٰ آپ کو دوسری قدرت دکھلائے گا اور آپ کو تسکین نصیب کرے گا۔ دشمن کی جھوٹی خوشیوں کو بھی پامال کرے گا۔ وہاں آپ نے اپنے ماننے والوں کو اعمال صالحہ بجالانے کی بھی تلقین کی۔ اور آنے والی آفات کا ذکر کر کے خدا کی طرف رجوع کرنے کی تلقین کی۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

اپنی وفات کے بارے میں

چونکہ خدائے عزوجل نے متواتر وحی سے مجھے خبر دی ہے کہ میرا زمانہ وفات نزدیک ہے اور اس بارے میں اس کی وحی اس قدر تواتر سے ہوئی کہ میری ہستی کو بنیاد سے ہلا دیا اور اس زندگی کو میرے پر سرد کر دیا۔ اس لئے میں نے مناسب سمجھا کہ اپنے دوستوں اور ان تمام لوگوں کے لئے جو میرے کلام سے فائدہ اٹھانا چاہیں چند نصائح لکھوں۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 301)

اپنے ماننے والوں کے لئے خوشخبری

یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے کہ اس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے جیسا کہ وہ فرماتا ہے (-) اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کر سکے اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ اس کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔

غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔ 1۔ اول خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔ 2۔ دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آ جاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے۔ جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے وقت میں ہوا۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 304)

پھر فرماتے ہیں:۔

سو اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے۔ سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔ اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 305)

اعمال صالحہ بجالانے کی تلقین

اس رسالہ میں آپ نے اس خواہش کا اظہار بھی کیا ہے کہ میری جماعت قربانی کے معیار کو بلند کرتے ہوئے روحانی طور پر عروج حاصل کر کے خدا تعالیٰ کی رضا کو حاصل کرنے والی اور اس کی جنتوں کو حاصل کرنے والی ہو۔ چنانچہ آپ فرماتے ہیں:۔

”چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کے پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتی اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو۔ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو وہ درد جس سے خدا راضی ہو اس لذت سے بہتر ہے جس سے خدا ناراض ہو جائے۔ اور وہ شکست جس سے خدا راضی ہو اس فتح سے بہتر ہے جو موجب غضب الٰہی ہو۔ اس محبت کو چھوڑ دو جو خدا کے غضب کے قریب کرے۔ اگر تم صاف دل ہو کر اس کی طرف آ جاؤ تو ہر ایک راہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا اور کوئی دشمن تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ خدا کی رضا کو تم کسی طرح پا ہی نہیں سکتے جب تک تم اپنی رضا چھوڑ کر اپنی لذات چھوڑ کر اپنی عزت چھوڑ کر اپنا مال چھوڑ کر اپنی جان چھوڑ کر اس کی راہ میں تلخی نہ اٹھاؤ جو موت کا نظارہ تمہارے سامنے پیش کرتی ہے لیکن اگر تم تلخی اٹھا لو گے تو ایک پیارے بچے کی طرح خدا کی گود میں آ جاؤ گے اور تم ان راستبازوں کے وارث کئے جاؤ گے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اور ہر ایک نعمت کے دروازے تم پر کھولے جائیں گے لیکن تھوڑے ہیں جو ایسے ہیں۔ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ تقویٰ ایک ایسا درخت ہے جس کو دل میں لگانا چاہئے۔ وہی پانی جس سے تقویٰ پرورش پاتی ہے تمام باغ کو سیراب کر دیتا ہے۔ تقویٰ ایک ایسی جڑ ہے کہ اگر وہ نہیں تو سب کچھ ہیچ ہے اور اگر وہ باقی ہے تو سب کچھ باقی ہے۔ انسان کو اس فضولی سے کیا فائدہ جو زبان سے خدا طلبی کا دعویٰ کرتا ہے لیکن قدم صدق نہیں رکھتا۔ دیکھو میں تمہیں سچ سچ کہتا ہوں کہ وہ آدمی ہلاک شدہ ہے جو دین کے ساتھ کچھ دنیا کی ملونی رکھتا ہے۔ اور اس نفس سے جہنم بہت قریب ہے جس کے تمام ارادے خدا کے لئے نہیں ہیں بلکہ کچھ خدا کے لئے اور کچھ دنیا کے لئے۔ پس اگر تم دنیا کی ایک ذرہ بھی ملونی اپنے اغراض میں رکھتے ہو تو تمہاری تمام عبادتیں عبث ہیں۔ اس صورت میں تم خدا کی پیروی نہیں کرتے بلکہ شیطان کی پیروی کرتے ہو۔ تم ہرگز توقع نہ کرو کہ ایسی حالت میں خدا تمہاری مدد کرے گا بلکہ تم اس حالت میں زمین کے کیڑے ہو۔ اور تھوڑے ہی دنوں تک تم اس طرح ہلاک ہو جاؤ گے جس طرح کہ کیڑے ہلاک ہوتے ہیں۔ اور تم میں خدا نہیں ہوگا بلکہ تمہیں ہلاک کر کے خدا خوش ہوگا۔ لیکن اگر تم اپنے نفس سے درحقیقت مر جاؤ گے تب تم خدا میں ظاہر ہو جاؤ گے اور خدا تمہارے ساتھ ہوگا اور وہ گھر بابرکت ہوگا جس میں تم رہتے ہو گے اور ان دیواروں پر خدا کی رحمت نازل ہوگی جو تمہارے گھر کی دیواریں ہیں اور وہ شہر بابرکت ہوگا جہاں ایسا آدمی رہتا ہوگا۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 307)

پھر آپ فرماتے ہیں:۔

”میں سچ سچ کہتا ہوں کہ تم خدا کی ایک خاص قوم ہو جاؤ گے۔ تم بھی انسان ہو جیسا کہ میں انسان ہوں۔ اور وہی میرا خدا تمہارا خدا ہے۔ پس اپنی پاک قوتوں کو ضائع مت کرو۔ اگر تم پورے طور پر خدا کی طرف جھکو گے تو دیکھو میں خدا کی منشاء کے موافق تمہیں کہتا ہوں کہ تم خدا کی ایک قوم برگزیدہ ہو جاؤ گے۔ خدا کی عظمت اپنے دلوں میں بٹھاؤ۔ اور اس کی توحید کا اقرار نہ صرف زبان سے بلکہ عملی طور پر کرو تا خدا بھی عملی طور پر اپنا لطف و احسان تم پر ظاہر کرے۔ کینہ وری سے پرہیز کرو۔ اور بنی نوع سے سچی ہمدردی کے ساتھ پیش آؤ۔ ہر ایک راہ نیکی کی اختیار کرو۔ نہ معلوم کس راہ سے تم قبول کئے جاؤ“

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 308)

”تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے۔ ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں۔ وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ سے داخل ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے موقعہ ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں۔

یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا۔ تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو جو زمین میں بویا گیا۔ خدا فرماتا ہے کہ یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا۔ پس مبارک وہ جو خدا کی بات پر ایمان رکھے اور درمیان میں آنے والے ابتلاؤں سے نہ ڈرے کیونکہ ابتلاؤں کا آنا بھی ضروری ہے تا خدا تمہاری آزمائش کرے کہ کون اپنے دعویٰ بیعت میں صادق اور کون کاذب ہے۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 308)

بہشتی مقبرہ کا قیام اور دعائیں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اس جگہ ایک امر اور قابل تذکرہ ہے کہ جیسا کہ میں پہلے بیان کر چکا ہوں کہ خدا نے مجھے میری وفات سے اطلاع دی ہے اور مجھے مخاطب کر کے میری زندگی کی نسبت فرمایا کہ ”بہت تھوڑے دن رہ گئے ہیں“۔ اور فرمایا کہ ”تمام حوادث اور عجائبات قدرت دکھلانے کے بعد تمہارا حادثہ آئے گا“۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ضرور ہے کہ میری وفات سے پہلے دنیا پر کچھ حوادث پڑیں اور کچھ عجائبات قدرت ظاہر ہوں تا

دنیا ایک انقلاب کے لئے تیار ہو جائے اور اس انقلاب کے بعد میری وفات ہو۔

اور مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے۔ تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی۔ تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے۔ اور ایک جگہ مجھے دکھائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا۔ اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں۔ تب سے ہمیشہ مجھے یہ فکر رہی کہ جماعت کے لئے ایک قطعہ زمین قبرستان کی غرض سے خریدا جائے لیکن چونکہ موقعہ کی عمدہ زمینیں بہت قیمت سے ملتی تھیں اس لئے یہ غرض مدت دراز تک معرض التواء میں رہی۔ اب اخویم مولوی عبدالکریم صاحب مرحوم کی وفات کے بعد جبکہ میری وفات کی نسبت بھی متواتر وحی الٰہی ہوئی میں نے مناسب سمجھا کہ قبرستان کا جلدی انتظام کیا جائے۔ اس لئے میں نے اپنی ملکیت کی زمین جو ہمارے باغ کے قریب ہے جس کی قیمت ہزار روپیہ سے کم نہیں اس کام کے لئے تجویز کی۔ اور میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنا دے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خوابگاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کر لیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی۔ اور خدا کے لئے ہو گئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کر لی اور رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی طرح وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھلایا۔ آمین یا رب العالمین

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 315)

پھر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا اس زمین کو میری جماعت میں سے ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں۔ آمین یا رب العالمین

پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم! اے خدائے غفور و رحیم! تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجا لاتے ہیں اور تیرے لئے اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں جن سے تو راضی ہے۔ اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے۔ اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں۔ آمین یا رب العالمین

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 316)

اعمال صالحہ بجالانے والوں کے لئے خوشخبری

اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ (-) یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔ اس لئے خدا نے میرا دل اپنی وحی خفی سے اس طرف مائل کیا کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں کہ وہی لوگ اس میں داخل ہو سکیں جو اپنے صدق اور کامل راستبازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں۔ سو وہ تین شرطیں ہیں اور سب کو بجا لانا ہوگا۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 318)

قدرت ثانیہ کے دوام کا ذریعہ

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

''اللہ تعالیٰ نے تم میں سے ایمان لانے والوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ان کو زمین میں خلیفہ بنا دے گا جس طرح ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنا دیا تھا۔ اور جو دین اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے وہ ان کے لئے اسے مضبوطی سے قائم کر دے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد وہ ان کے لئے امن کی حالت تبدیل کر دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے (اور) کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔''

(سورہ نور آیت 56)

پھر اگلی آیت میں فرمایا:۔ (-)

''اور تم سب نمازوں کو قائم کرو اور زکوٰتیں دو اور اس رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔''

(سورہ نور آیت 57)

مندرجہ بالا آیت میں اللہ تعالیٰ نے قیام خلافت کو اعمال صالحہ بجالانے سے مشروط کر دیا ہے یعنی جب تک اعمال صالحہ بجالانے والوں کی اکثریت رہے گی اس وقت تک خلافت کا وعدہ بھی قائم رہے گا پھر یہ بھی فرمایا کہ ''وہ میری عبادت کریں گے اور کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے''۔ پھر اگلی آیت میں فرمایا کہ ''وہ نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ دیں گے''۔ یہ سب اعمال صالحہ بجالانے کے زمرہ میں آتا ہے اور ساتھ ہی فرمایا کہ وہ اطاعت رسول بھی کریں گے جو اعمال صالحہ بجالانے کا ذریعہ ہے۔ اس کے بغیر اعمال صالحہ بجالائے نہیں جا سکتے۔ چونکہ نظام وصیت اعمال صالحہ بجالانے کا ذریعہ ہے اور اس میں شامل ہونے والے اعمال صالحہ بجالانے والوں کی صف میں ہوں گے اس لئے اللہ تعالیٰ کا قیام خلافت کا وعدہ دائمی ہوگا۔ اور رہے گا۔ اسی لئے حضرت مسیح موعود نے اس کو دائمی قرار دیا ہے اور رسالہ الوصیت میں بھی یہی فرمایا ہے۔ اس طرح نہ صرف وہ خلافت کے انعام و قیام کے مستحق ہوں گے بلکہ خدا تعالیٰ کی ابدی جنتوں کے بھی وارث ہوں گے نہ صرف آخرت میں بلکہ اس دنیا میں بھی۔ یہ بہت بڑا انعام ہے جو موصیوں کو نصیب ہوگا۔

پس نہ صرف اعمال صالحہ بجالانے والوں کو جنت کی خوشخبری کے لئے بلکہ دوسری قدرت یعنی خلافت کو دوام بخشنے کے لئے حضرت مسیح موعود کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے نظام وصیت جاری فرمایا۔

مقام ظہور قدرت ثانیہ

حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد پہلا اجماع جو ہوا وہ بہشتی مقبرہ میں ہی ہوا اور یہ اجماع قدرت ثانیہ کے قیام کی غرض سے ہوا اور اس اجماع میں حضرت مولانا نورالدین پہلے خلیفۃ المسیح منتخب ہوئے اور وہیں آپ کی بیعت ہوئی۔

رسالہ الوصیت میں زلازل اور حوادث کی پیش خبریاں

حضرت مسیح موعود نے رسالہ الوصیت میں زلازل اور حوادث کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:

''حوادث کے بارے میں جو مجھے علم دیا گیا ہے وہ یہی ہے کہ ہر ایک طرف دنیا میں موت اپنا دامن پھیلائے گی اور زلزلے آئیں گے اور شدت سے آئیں گے۔ اور قیامت کا نمونہ ہوں گے اور زمین کو تہ و بالا کر دیں گے اور بہتوں کی زندگی تلخ ہو جائے گی۔ پھر وہ جو توبہ کریں گے اور گناہوں سے دستکش ہو جائیں گے خدا ان پر رحم کرے گا۔ جیسا کہ ہر ایک نبی نے اس زمانہ کی خبر دی تھی۔ ضرور ہے کہ وہ سب کچھ واقع ہو۔ لیکن وہ جو اپنے دلوں کو درست کر لیں گے اور ان راہوں کو اختیار کریں گے جو خدا کو پسند ہیں ان کو کچھ خوف نہیں اور نہ کچھ غم۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 302)

اور آئندہ زلزلہ کی نسبت جو ایک سخت زلزلہ ہوگا مجھے خبر دی اور فرمایا

''پھر بہار آئی خدا کی بات پھر پوری ہوئی۔''

اس لئے ایک شدید زلزلہ کا آنا ضروری ہے لیکن راستباز اس سے امن میں ہیں۔ سو راستباز بنو اور تقویٰ اختیار کرو تا بچ جاؤ۔ آج خدا سے ڈرو تا اس دن کے ڈر سے امن میں رہو۔ ضرور ہے کہ آسمان کچھ دکھلاوے اور زمین کچھ ظاہر کرے لیکن خدا سے ڈرنے والے بچائے جائیں گے۔

خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی کچھ تو ان میں سے میری زندگی میں ظہور میں آ جائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا۔ کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 303)

یہ زلزلے، حوادث اور مختلف قسم کی آفات انسان کے خدا کی طرف رجوع کا باعث بنتی ہیں تو یہ استغفار کا موقع دیتے ہوئے انسانوں کو اعمال صالحہ بجالانے کی ترغیب دیتی ہیں۔ جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ آفات اور حوادث سے بچائے جاتے ہیں۔ امن میں رہتے ہیں جیسا کہ گزشتہ زمانوں میں بھی ہوا۔ چونکہ ''الوصیت'' کا مقصد اعمال صالحہ بجالانا اور خدا کی طرف مسلسل رجوع ہے اس لئے زلزلوں وغیرہ کی پیشگوئیوں کا ذکر بھی اس رسالہ میں کر دیا گیا ہے۔ زلزلوں کے ایام میں حضرت مسیح موعود بہشتی مقبرہ کے باغ میں قیام فرماتے۔ اس باغ میں حضرت اماں جان کا مکان بھی تعمیر ہوا ہے آپ کی وفات پر آپ کا جسد مبارک بھی اسی مکان میں رکھا گیا تھا۔

مالی قربانی کا نظام

مال کی محبت بھی بعض دفعہ انسان کو نیکیاں بجالانے میں مانع ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس کو خدا کی راہ یا بنی نوع انسان کی بہتری اور بھلائی کے لئے خرچ کرنا بہت کٹھن ہو جاتا ہے۔ ان حالات میں بھی انسان خدا سے دور ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:۔

''غافل کیا تم کو کثرت مال کی حرص نے یہاں تک کہ تم ملے قبروں سے۔'' (سورۃ تکاثر آیت 2,1)

پھر فرمایا:۔

''اور یقیناً وہ (انسان) محبت مال میں البتہ بہت دلدادہ ہے۔'' (سورۃ العدیٰت آیت 8)

وہ لوگ جو لین دین کے مالی معاملات میں صاف نہیں یا مالی امور میں اپنے وعدوں کے پابند نہیں یا مالی طور پر لوگوں اور رشتہ داروں کے حقوق غصب کرتے ہیں وہ حب مال میں ہی ایسا کرتے ہیں اور خدا سے دوری اختیار کرتے ہیں۔ چونکہ انسان کو مال سے بہت محبت ہے اس لئے حضرت مسیح موعود نے اعمال صالحہ بجالانے کے لئے مالی قربانی کو بھی اعمال صالحہ بجالانے کا ذریعہ بنایا۔ آپ فرماتے ہیں:۔

سو پہلی شرط یہ ہے کہ ہر ایک شخص جو اس قبرستان میں مدفون ہونا چاہتا ہے وہ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 318)

دوسری شرط یہ ہے کہ تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہوگا جو یہ وصیت کرے جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت (-) اور (-) احکام قرآن میں خرچ ہوگا اور ہر ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہوگا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے لیکن اس سے کم نہیں ہوگا۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 319)

ہر ایک صالح جو اس کی کوئی بھی جائیداد نہیں اور کوئی مالی خدمت نہیں کر سکتا اگر یہ ثابت ہو کہ وہ دین کے لئے اپنی زندگی وقف رکھتا تھا اور صالح تھا تو وہ اس قبرستان میں دفن ہو سکتا ہے۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 320)

نظام وصیت کی برکات

ایک دوست چندہ عام اور چندہ جلسہ سالانہ میں ہمیشہ بقایادار رہتے تھے۔ انہوں نے سوچا کہ اگر میں

باقی صفحہ 6 پر

چوہدری محمد یوسف صاحب۔ منصور احمد جاوید صاحب

آپ کو حضرت اماں جان کی وفات تک خدمت کی توفیق ملی

محترمہ اماں عائشہ بیگم صاحبہ

بچپن میں حضرت مسیح موعود نے آپ کی بیماری کا علاج فرمایا

نوٹ: مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب نے اپنی والدہ محترمہ اماں عائشہ بیگم صاحبہ پر اور آپ کے پوتے مکرم منصور احمد جاوید صاحب ابن مکرم چوہدری محمد یوسف صاحب نے اپنی دادی جان کے بارہ میں مضامین ارسال کئے ہیں۔ یہ مضامین ہدیہ قارئین ہیں۔

آپ کا نام عائشہ بیگم تھا آپ کے والد کا نام میاں صدرالدین صاحب اور والدہ کا نام محترمہ مہراں صاحبہ۔ مدفون بہشتی مقبرہ قادیان قطعہ نمبر 2

آپ کی پیدائش 1899ء کی ہے اور وفات 2 جنوری 1987ء کو ہوئی۔ موصیہ تھیں۔ آپ کا وصیت نمبر 1697 تھا۔

مکرمہ عائشہ بیگم صاحبہ ابھی اپنی والدہ کی گود میں تھیں کہ آپ کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ آپ کی والدہ انہیں لے کر دارالمسیح میں آ گئیں۔ جہاں اپنے بچپن سے لے کر حضرت اماں جان کی وفات تک آپ کی خدمت میں رہیں۔ آپ کی آخری بیماری کے دوران بھی آپ کے پاس رہیں اور آپ کو غسل بھی دیا۔

آپ ابھی چھوٹی ہی تھیں کہ آپ کی والدہ کا بھی انتقال ہو گیا۔ دارالمسیح میں چھوٹی عمر میں چیچک کا زبردست حملہ ہوا۔ جسم کا کوئی حصہ ایسا نہ تھا کہ اس پر چیچک کے چھالے نہ ہوں۔ کسی نے کہا کہ چیچک تو متعدی بیماری ہے۔ اس کا یہاں ہونا ٹھیک نہیں ہے اسے نچلے حصہ میں بھیج دیا جائے۔ حضرت مسیح موعود نے سنا تو ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا اور فرمایا کہ اس کا اور کون ہے جو اس کی تیمارداری کرے۔

بہت سی راکھ بچھا کر اس پر لٹا دیا گیا۔ خود حضور دوا دیتے۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے جو عمر میں والدہ صاحبہ سے دو سال بڑی تھیں حضرت مسیح موعود سے دریافت کیا کہ کیا یہ اچھی ہو جائے گی۔ حضور نے فرمایا جلد اچھی ہو جائے گی۔ پھر کہا اس کے تو سارے جسم پر چیچک کے چھالے ہیں جو داغ بن جاتے ہیں۔ اور برے معلوم ہوتے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ یہ جلد اچھی ہو جائے گی۔ اور جسم پر کوئی داغ بھی نہیں رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ جلد صحت یاب ہو گئیں۔ اور جسم کے کسی حصہ پر بھی چیچک کا داغ نہ رہا۔ اور جلد صاف و شفاف ہو گئی۔

حضرت مسیح موعود کے لاہور کے بعض سفروں میں جن میں حضرت اماں جان بھی ہمراہ ہوتیں تو آپ کو بھی ساتھ لے جاتیں۔ حضور کے آخری سفر لاہور میں بھی ساتھ تھیں۔

حضرت اماں جان نے آپ کی شادی خود کرائی اور رہائش کے لئے مکان جو تین کمروں پر مشتمل تھا عنایت فرما دیا۔ یہ مکان دارالمسیح کے بالکل قریب تھا۔ یہ کچی اینٹوں کا تھا۔ اب اسے گرا کر مجلس انصاراللہ بھارت کا دفتر بنا دیا گیا ہے۔

شروع ربوہ میں کچے عارضی کوارٹر تھے۔ قصر خلافت بھی کچی اینٹوں سے تیار ہوا تھا۔ اس میں حضرت اماں جان نے اپنے کمرہ کے ساتھ ایک بڑا کمرہ آپ کے لئے تیار کروا دیا جس کی مشترکہ دیوار میں ایک بڑی کھڑکی رکھوائی تا کہ آنے جانے میں سہولت رہے۔ اس میں آپ اپنے خاوند کے ہمراہ رہائش پذیر رہیں۔

اخراجات کی کوئی فکر نہ تھی حضرت اماں جان خود خاص طور پر خیال رکھتی تھیں۔ حضرت اماں جان کی وفات کے بعد بلا کسی مطالبہ کے حضرت مصلح موعود نے والدہ صاحبہ سے فرمایا کہ حضرت اماں جان کا جو سلوک تم سے تھا ویسا ممکن ہے میں نہ کر سکوں بہر حال میری کوشش ہو گی۔ چنانچہ آپ حضرت اماں جان کی طرح نوازتے رہے۔ اپنی اولاد کو جو ماہانہ خرچ عنایت فرماتے تھے اسی فہرست میں ہی والدہ صاحبہ کا نام بھی تھا۔

اس کے علاوہ بار بار نقد رقم، پھل، کھانے کی اشیاء، کپڑے وغیرہ عنایت فرماتے۔ یہی سلوک حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے جاری رکھا۔ بیمار ہو جانے پر خود بیمار پرسی کے لئے بھی تشریف لاتے رہے۔

حضرت اماں جان کی وجہ سے والدہ صاحبہ کو ''خاندان'' میں خاص مقام حاصل تھا۔ اماں کہلاتی تھیں۔ دوسرے لوگ اماں جان کی عائشہ کہتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے عزیزہ صادقہ بیگم کے خطبہ نکاح میں فرمایا:

''جس نکاح کے اعلان کے لئے میں اس وقت کھڑا ہوں ان دونوں لڑکی اور لڑکے کی دادی صاحبہ بچپن سے حضرت اماں جان کے پاس رہی ہیں اور حضرت اماں جان نے انہیں گھر کے ایک فرد کی طرح رکھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے انہیں عمر دی اور پوتے اور پوتیوں سے نوازا جن کی اب شادیاں ہو رہی ہیں اور بھی ہوں گی انشاء اللہ۔ اس نسبت کے ساتھ جو ان کی دادی کو ہے حضرت اماں جان کے پیار اور خیال رکھنے کی وجہ سے ہماری بہن کی طرح ہیں اور یہ تعلق محبت اور تعلق شفقت بھی ایک قرب اور رشتہ کو قائم کرتا ہے۔ اس رشتہ کے نتیجہ میں دل سے دعا نکلتی ہے۔ آپ بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس قائم ہونے والے رشتہ کو بہت ہی بابرکت کرے اور ایک ایسی نسل اس سے چلے جو حضرت مسیح موعود کی عظیم مہم غلبہ (دین) کے لئے اللہ تعالیٰ نے جاری کی ہے۔ اس میں سب کام کرنے والے قربانیاں دینے والے اور ایثار دکھانے والے ہوں۔ اگلی نسل بھی اور موجودہ نسل بھی اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کی وارث بنے۔''

وفات پر پیارے آقا خلیفۃ المسیح الرابع نے لندن میں والدہ صاحبہ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی اور ہم سب کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

محترم منصور احمد صاحب جاوید لکھتے ہیں:۔

دادی جان محترمہ عائشہ بی بی صاحبہ کی پرورش حضرت مسیح موعود کے گھر میں ہوئی تھی اس لئے خاندان حضرت مسیح موعود کی پہلی نسل سے لے کر آج تک آپ کی وجہ سے ہمیں خاندان حضرت مسیح موعود کا پیار اور قرب حاصل ہے۔ میرے تایا جان حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ کے رضاعی بھائی اور میری ہمشیرہ مقیم ناروے محترم نواب منصور احمد خان صاحب وکیل التبشیر کی رضاعی بہن ہیں۔

جلسہ سالانہ جرمنی 2001ء کے موقعہ پر محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب بھی قادیان سے تشریف لائے ہوئے تھے۔ ان سے ملنے والوں کا تانتا بندھا ہوا تھا۔ ملاقات کے رش کی وجہ سے اور گرمی کی شدت کی وجہ سے کافی تھکے ہوئے دکھائی دے رہے تھے۔ میرے ایک چچا زاد بھائی برادرم مبارک احمد نعیم صاحب مقیم جرمنی آپ سے تفصیلی ملاقات کر چکے تھے۔ کہنے لگے میاں صاحب سے ملاقات کرآؤ۔ خاکسار جب ملنے کے لئے ارادہ کر رہا تھا تو ڈیوٹی پر موجود ایک خادم نے بتایا کہ میاں صاحب نے تھوڑی دیر بعد تقریر کرنی ہے اور آپ تھکے ہوئے بھی ہیں اس لئے تھوڑا سا ستانے کے لئے یہاں آئے ہیں اس لئے آرام کرنے دیا جائے اور فی الحال ملاقات نہ کی جائے۔ خاکسار نے ان کی بات مان لی۔ لیکن صاحبزادہ صاحب نے دیکھ کر خود ہی بلا لیا۔ بڑے پیار اور تپاک سے ملے اور بہت ہی محبت اور شفقت سے سب کا حال پوچھا۔ میرا آپ سے اس سے قبل آپ کی بیٹی کی شادی کے موقعہ پر مختصر تعارف ہوا تھا آپ کے بیٹے بھی آپ کے ساتھ تھے۔ بڑے ہی پیارے انداز میں ان سے ہمارا تعارف اس طرح کروایا کہ ان سے ملو یہ ہماری خالہ عائشہ کے پوتے ہیں۔

اس طرح نہ صرف آپ نے عظیم اخلاق کا نمونہ پیش کیا بلکہ اپنی آئندہ نسل کو بھی بتایا کہ کس طرح عظیم لوگ جب کسی کا خیال کرتے ہیں تو ان کی آئندہ نسلوں سے بھی محبت اور پیار کا سلوک جاری رکھتے ہیں۔

مجھے اپنے بچپن کا ایک واقعہ یاد ہے۔ سیدنا حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثالث اپنے دور خلافت سے قبل غالباً بیت نصرت محلّہ دارالرحمت وسطی کے سنگ بنیاد رکھنے کے لئے تشریف لائے تھے۔ اس تقریب سے فارغ ہونے کے بعد جاتی دفعہ ہمارے یعنی ہماری دادی جان کے غریب خانہ پر بھی تشریف لائے۔ میری عمر بہت ہی چھوٹی تھی لیکن ابھی بھی آپ کا پیارا پیارا چہرہ آنکھوں کے سامنے گھومتا ہے۔ آپ ازراہ شفقت و احسان اور حوصلہ افزائی کے لئے دادی جان سے بھی مل کر گئے۔ اور اس طرح گھر کے سب افراد کو بھی شرف ملاقات کا موقعہ ملا۔ جاتے جاتے پیار سے خاکسار کو ایک روپیہ عنایت فرمایا۔ غالباً خود ہی یا پھر کسی بڑے کی خواہش پر اس ایک روپے کے نوٹ پر دستخط بھی فرما دیے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے میری دادی جان اور دادا جان نے حضرت اماں جان کی خدمت کرنے میں اپنے لئے ہمیشہ فخر محسوس کیا۔ دادا جان مرحوم موصی تھے۔ آپ کی قبر کے کتبہ پر بھی نام کے ساتھ ''خادم حضرت اماں جان'' تحریر ہے۔ اس طرح ان دونوں بزرگوں کو خاندان حضرت مسیح موعود سے بہت ہی عقیدت تھی اور دوسری طرف سے بھی بے شمار پیار اور شفقت کا سلوک جاری رہا۔

دادی جان کو حضرت اماں جان کی وفات کے بعد حضرت مصلح موعود اور بیگمات حضرت مصلح موعود۔ پھر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور بیگم صاحبہ کی خدمت کی توفیق نصیب ہوئی۔ خلیفۃ المسیح الثالث کی حرم حضرت نواب منصورہ بیگم صاحبہ سے بھی بہت انس تھا اور آپ بھی ہر وقت دلجوئی فرماتی تھیں۔

اس طرح حضرت مسیح موعود کے باقی تقریباً تمام افراد خاندان کے ساتھ آپ کا بہت بے تکلفانہ تعلق تھا لیکن اس کے باوجود بہت ہی احترام کے ساتھ سب کو یاد کرتی تھیں۔ حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ سے بھی بہت ہی انس تھا آپ اکثر دادی جان کو ملنے کے لئے ہمارے غریب خانے پر بھی تشریف لایا کرتی تھیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرماتا رہے۔ آمین

آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے لئے بڑی محنت اور سلیقے سے چھالیہ کاٹ کر لے جاتی تھیں۔ کبھی کبھی دلجوئی کے لئے اور مذاق میں حضور فرما دیا کرتے تھے کہ ''وہ دیکھو آ گئیں اماں عائشہ ہمارے دانتوں کی دشمن'' اور اماں عائشہ بھی سمجھتی تھیں کہ یہاں دل کی بات کہی اور سنی جا سکتی ہے تو کہا کرتی تھیں کہ اچھا تو میں پھر واپس لے جاتی ہوں تو حضور فرماتے تھے نہیں نہیں تم اتنی محنت سے تیار کر کے لائی ہو میں تو مذاق کر رہا تھا۔ یہ تھا آقا اور خادمہ کا تعلق۔

پیارے آقا جب مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو دادی جان بیعت کے لئے حاضر ہو گئیں بہت پیار سے فرمایا۔

''اماں عائشہ آپ نے کیوں تردد کیا آپ کی تو گھر بیٹھے ہی بیعت ہو گئی تھی۔''

جب بھی ہمارا اپنے پیارے آقا سے ملنے کا ارمان پورا ہوتا ہے ضرور اماں عائشہ کا کسی نہ کسی حوالہ سے ذکر فرماتے ہیں۔ ایک دفعہ ناروے میں ملاقات کے موقعہ پر جبکہ میں اپنی ناروے والی ہمشیرہ صاحبہ کے خاندان

باقی صفحہ 6 پر

رانا نصیر احمد صاحب

محترمہ رمضان بی بی صاحبہ کا ذکر خیر

محترمہ رمضان بی بی جو پیار سے ''جانے'' کے نام سے پکاری جاتی تھیں۔ میرے والد صاحب کی چچازاد بہن تھیں اور ایک لحاظ سے میری پھوپھی تھیں۔ اس دارفانی میں آنے سے لے کر اپنے محبوب حقیقی کی طرف لوٹ جانے تک کے درمیانی عرصے کی یادیں محبتیں اور چاہتیں انمٹ نقوش ہیں جو کبھی نہ بھولیں گی۔ آپ 1936ء میں بھنوں تحصیل گڑھ شکر ضلع ہوشیار پور میں ماسٹر عبدالعزیز صاحب (سابق صدر جماعت ککی نو) کے ہاں پیدا ہوئیں۔

آپ پانچ بہن بھائیوں میں پہلے نمبر پر تھیں آپ کا ایک ہی بھائی تھا جس کو فسادات 1947ء کے دوران آپ کی چھوٹی بہن سے سکھوں نے چھین لیا تھا اور آپ کی چھوٹی بہن شہید ہوگئیں آپ خود زخمی ہوئیں آپ کے ناک پر برچھا لگا جس کی وجہ سے آپ کے ناک پر زخم کا نشان تھا۔ آپ نے ہجرت کرکے ککی نو ضلع جھنگ میں سکونت اختیار کی۔

آپ بچپن ہی سے دین سے گہرا لگاؤ رکھتی تھیں اور تنظیمی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ آپ بڑی مہمان نواز تھیں۔ آپ غریبوں سے گہری ہمدردی رکھنے والی تھیں جس کی وجہ سے آپ کو اپنی سہیلیوں میں ایک خاص مقام حاصل تھا۔ آپ اپنی ذات اور خواہشات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے دوسروں کی خوشیوں کا خیال رکھتیں۔ اچھی عادات کی وجہ سے ہمیشہ دوسروں کا دل موہ لیتیں۔ آپ کی شادی 1957ء میں ڈاکٹر اسماعیل صاحب مرحوم کاٹھ گڑھی سے ہوئی۔ 17 سال میں شائد ہی آپ کے میاں کو آپ سے کوئی شکایت ہوئی ہو۔ بیوی اور ماں کے روپ میں ہر دن محبت و پیار و ایثار قربانی کے جذبے کو نمایاں ہوتے دیکھا اس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت پیاری اولاد سے نوازا، تین بیٹے اور چھ بیٹیاں عطا فرمائیں ان میں سے ایک بیٹی بعمر تین سال فوت ہو گئی تھی۔

آپ کو ایک ہی تڑپ تھی کہ میرے بچے پڑھ لکھ جائیں آپ سمجھتی تھیں کہ اچھی تربیت کے لئے اچھا ماحول بھی ہونا چاہئے اس لئے آپ روحانی ماحول ربوہ میں رہائش پذیر ہوگئیں۔ اور بڑے مؤثر انداز میں بچوں کی تربیت کرتی تھیں۔

آپ غریب تھیں لیکن دل کی بہت امیر تھیں، آپ چندہ بروقت دینے کی بڑی پابند تھیں ایک دفعہ مرکز سے ایک وفد ککی نو آیا اور خلیفۃ المسیح کی طرف سے نئی مالی تحریک کا ذکر کیا تو آپ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا سوائے سونے کے کانٹوں کے آپ نے فوراً اتار کر بیت الذکر میں ہی وفد کی خدمت میں پیش کر دیئے۔ اس موقع پر آپ کی ایک دوست نے کہا زیور تمہیں پہنے ہوئے بہت اچھے لگتے ہیں تمہاری پانچ بچیاں ہیں ان کے کام آجائیں گے آپ نے کہا اپنے ہاتھ سے دیا کام آتا ہے بچیوں کا جب وقت آئے گا پتہ نہیں اللہ تعالیٰ انہیں کتنا دے گا۔

آپ کی بات سچ ثابت ہوئی۔ آج آپ کی تمام اولاد جرمنی میں شفٹ ہوچکی ہے اور تمام شادی شدہ ہیں اور اس تھوڑے سے زیور کے بدلہ اللہ تعالیٰ نے بے شمار زیورات سے نوازا ہے۔

آپ دل کی مریضہ تھیں اور ملتان سے علاج کراتی تھیں۔ 1960ء کی دہائی میں کبیر والا کے پاس بدترین بس ایکسیڈنٹ ہوا اس میں گنتی کے چند افراد بچ سکے۔ ان خوش قسمت افراد میں آپ اور والد صاحب بھی شامل تھے اور آپ دونوں شدید زخمی ہوئے۔

